14/01/2025

09.20 AM

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ اعجازہ اختر سے خبریں سُنئے

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریند رمودی نے کہا ہے کہ 21ویں صدی کا جموں کشمیر ترقی اور خوشحالی کی ایک نئی داستان رقم کر رہا ہے ۔کل سونہ مرگ میں 6اعشاریہ4کلو میٹر سونہ مرگ ٹنل کا افتتاح کرنے کے بعد خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہاکہ اس پروجیکٹ کی بدولت کشمیر صوبے کے ساتھ ساتھ لداخ خطے میں بھی اقتصادی ، سیاحتی اور ترقیاتی منظر نامے کو دوام حاصل ہوگا ۔

........(PM)....Byte...........

ایل جی ٹنل

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں جموں کشمیر ترقی کی نئی بلندیوں کو چھو رہا ہے اور جموں کشمیر صحیح معنوں میںایک بہترین جگہ کے طو رپر ابھررہا ہے ۔ انہوں نے کہاکہ2ہزار7سو کروڑ روپے لاگت والے ٹنل سے خطے میں مثبت تبدیلی رونما ہوگی ۔

...........(LG)....Byte...........

وزیر اعلی ٹنل

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے سونہ مرگ ٹنل کا افتتاح کرنے کیلئے وزیر اعظم نریندر مودی کا شکریہ ادا کیا ۔ انہوں نے کہاکہ اس طرح کے پروجیکٹوں سے وادی میں لوگوں کو تمام موسموں کے دوران ایک جگہ سے دوسری جگہ تک آنے جانے میں کافی آسانی پیدا ہو گی ۔ تاہم انہوں نے اپنے خطبے میں امید ظاہر کی کہ وزیر اعظم نریندر مودی جموں کشمیر کا ریاست کا درجہ بحال کرنے کا اپنا وعدہ بھی جلد ہی پورا کریں گے۔

...........(CM)....Byte...........

عمر عبداللہ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ لوہری کا تہوار سردی کے دنوں کے خاتمے اور فصلوں کی کٹائی کا عکاس ہے اور یہ تہوار ماحول میں ایک تبدیلی لاتا ہے ۔وزیر اعلیٰ نے کل جموں میں اپنے سیکورٹی عملے کے ساتھ لوہری منائی۔

مبارکباد

سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ اور جموں کشمیر کے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے مکر سانکرانتی کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے اور نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے ۔

بریک

خبروں کے بلیٹن اور شعبہ خبر کے پروگراموں سے متعلق آپ اپنی آرا اور تجاویز ہمارے ای میل ایڈرس akashvanisrinagarnews@gmail.com پر بھیج سکتے ہیں ۔

منشیات فروش

پولیس نے منشیات کے خلاف اپنی کارروائی کو جاری رکھتے ہوئے کل سرینگر،اونتی پورہ اور سوپور سے تعلق رکھنے والے پانچ منشیات فروشوں کو گرفتار کیا ہے۔ ان کے قبضے سے کچھ نشیلی اشیاءبھی بر آمد کی گئی ہے ۔

گرفتار کئے گئے افراد مینگنڈ پرنگ ہاجن بانڈی پورہ کا بلال احمد لوہری ہانجی ، دتپورہ ڈوگری پورہ کا ریاض احمد میر ، ہرون سوپور کا منظور احمد موچی ، نٹی پورہ سرینگر کا عمر منظور راتھر اور باغات کنی پورہ یاور احمد بٹ شامل ہیں۔

PWD

کے سابق سپر انٹینڈنگ انجینئر ریاض احمد PWD جموں کشمیر اینٹی کرپشن بیورو نے ہائی گام بارہمولہ کے رہنے والے پرے کے خلاف غیر قانونی طور پر کافی جائیداد اور دولت جمع کرنے کی پاداش میں ایک کیس درج کیا ہے ۔

ورکشاپ

پولیس نے ضلع پولیس لائینز اونتی پورہ میں پولیس ضلع اونتی پورہ کے افسروں اور اہلکاروں کیلئے نئے فوجداری قوانین سے متعلق پانچ روزہ ورکشاپ کا انعقاد کیا۔

مہا کنبھ

اتر پردیش کے پریاگ راج میں جاری مہا کنبھ میلے کے پہلے دن کل ایک کروڑ50لاکھ سے زائد عقید ت مندوں اور شردھالووں نے پوتر سنان کیا ۔یہ مہا کنبھ 26فروری تک جاری رہے گا۔

دن

KM   ڈے منایاجا رہا ہے ۔ یہ دن بھارتی فوج کے پہلے سربراہ فیلڈ مارشل Veterans آج پورے ملک میںآرمڈ فورسز کی طرف سے انجام دی گئی خدمات کی یاد میں منایا جاتا ہے -Cariappa

اطلاع

سینٹرل یونیورسٹی آف کشمیر نے تدریسی سال 2025کیلئے 18پوسٹ گریجوٹ پروگراموں میں آن لائن درخواست فارم جاری کئے ہیں۔ خواہشمند امید وار اپنے فارم یکم فروری 2025 تک آن لائن جمع کرا سکتے ہیں۔

مشن موسم

نریندر مودی آج نئی دلی میں مشن موسم کی شروعات کریں گے۔ مشن کا مقصد ملک کو موسمیات کے شعبے میں جدید اور سمارٹ بنانا ہے ۔وزیر اعظم بھارت منڈپم میں بھارتی محکمہ موسمیات کے150ویںیوں تاسیس پر مشن کی شروعات کریں گے ۔

شاہراہ

سرینگر جموں قومی شاہراہ گاڑیوں کی آمد رفت کیلئے دونوں طرف سے کھلی ہے ۔ تاہم گاڑیاں چلانے والوں سے کہا گیاہے کہ وہ   لین ڈسپلن پر پابندی کرتے ہوئے اُور ٹیکینگ نہ کریں ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی 4 اعشاریہ 2ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 6 اعشاریہ 4 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ